من توکلت علی اللہ فہو حسبہ
گلدار فطرت
جواب تحفۃ الہند

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اس حمید ایسند پرستیو کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جسنے قلم کو زور اور زبان کو طاقت دی اور سوا اسکے ہر فرد بشر میں وہ جوہر عطا کئے ہیں کہ جنکا بیان کرنا صرف طوالت ہے اب میں اپنے بادشاہ جمجاہ آصف زمان نواب نظام الملک میر محبوب علیخان بہادر خلد اللہ ملکہ و دولتہ کا شکریہ بجا لاتا ہوں کہ جنکے عہد حکومت میں ہر طرف امن و امان نے اپنا جلوہ دکھایا ہے اور اس مملکت کا انتظام بخوبی کیوں نہ ہو کہ جیسے ہیں شہریار کا ویسا وزیر با تدبیر نواب محمد مظہر الدین خان رفعت جنگ بشیر الدولہ اعظم الامراء امیر کبیر آسمانجاہ بہادر ہیں شعر زبان پہ بار خدایا یہ کسکا نام آیا ٭ کہ میرے نطق نے بوسے مری زبان کے لئے سبحان اللہ زہے چنین شہریار چنان ٭ یہ حقیر فقیر نسبتاً پشت سے نمکخوار دودمان ممدوح ہے ہر چند چاہتا تھا کہ اپنے آقای نامدار کی تعریف و توصیف کچھ لکھوں مگر یہ طاقت کہاں ہے کہ ایک زبان سے اوس ممدوح کی مدح ادا کروں

اگر ہر موی من گردد زبانی ٭٭ نتوانم یک از صد ستائی ٭٭ نیارم گوہر شکر تو سفتن ٭٭ سر موئی ز احسان تو گفتن

اب ناظرین باتمکین کی خدمت میں عرض پرداز ہوں کہ انشا ہیچمدان نے یہ کتاب باوجود عدم فرصتی تین مہینے کے عرصہ میں لکھا ہے اگر جا بجا کہیں غلطی ہو براہ نوازش معاف فرماویں اور دعای خیر سے عاصی کو یاد

شکر اوس پرم آتما کا کس سے ادا ہو سکتا ہے کہ ہر شی کو اپنی قدرت
تماشا گاہ عالم مین اور خلقت سے خلقت انسان کو افضل اپنی شناخت
کے لئے بنایا جوہر عقل تمیز نیک و بد کیواسطے عطا فرمایا اونکی اصلاح کو
پیروان اقسام مذاہب پہ انتظام کے لئے جتایا تاکہ اعمی جہل بصیرت
واقف اسرار قدرت ہوویں اور نابینا نادانی سے باز آکر بینائی قدرت
اقتضائے عالم کے واسطے ظہور اوتار ہو کر فسق و فجور نابود کیا بندوبست [illegible]
پیغمبروں نے ورود پاکر حق و باطل کو جتایا مجھ ناچیز کی کیا طاقت
کہ بحر ذخار معرفت مین غوطہ ماروں جب بید نیتی نیتی کا اقرار کرین پھر
اس ضعیف البنیاد کا کیا مقدور کہ گوہر مقصود پر قبضہ کرے جب پیغمبر
ما عرفناک حق معرفتک کا دم بھرتے ہین تو مین کس شمار ہوں مگر عبد اللہ
صاحب نومسلم کی کتاب مسمی بہ تحفۃ الہند نے مجبور کیا جو کہ [illegible]
صاحب شوق کے پاس موجود تھی اور ان صاحب موصوف نے بھی
بہت اصرار کیا اور فرمایا کہ ضرور اسکا جواب لکھو تا دوسرے ہنود اپنے عقائد کی
معترف ہوویں چونکہ مصنف نے نافہمی کے سبب دوسرے مذاہب پر بہت لکھا
علی الخصوص توہین مذاہب ہنود کی بلکہ اپنی ہی رہبر عقل کار [illegible]

ستے ہین وہ اصحاب دونون فعلون سے پاک تھے چونکہ افعال کا اثر نہین
ہوتا تھا وجہ یہ کہ بجز ہستی مطلق کے کسیکی ہستی یا اپنی ہستی پیش نظر
رکھتے تھے کہ افعال نیک و بد موثر ہون چنانچہ راجہ جنک اور سکھدیو جی کی
کیفیت سے ناظرین سمجھ سکتے ہین کہ راجہ موصوف ایک پیر مین صندل
ملواتا تھا اور دوسرا پیر آتشدان مین رکھتا تھا پھر دونو فعل اثر نہین کرتے تھے
ایسا ہی دوسری حکایت کو مصنف نے نافہمی سے جو دل مین آیا تصور فرمایا اور
شریک اسلام ہوا خیر اب بھی اوسی مذاہب مین اپنے عقائد دینی پر مسلم
رہکر عبادات دینی کو ادا کرے اور عقیدہ راسخ رکھے اچھا ہے ورنہ مصنف کی
عقل پر گمان ہوتا ہے کہ اگر پھر کوئے غیر مذہب اپنے مذہب کی خوبی
اور دوسرونکے مذہب کی برائی سمجھا کر ترغیب دے تو حضرت کے
اعتقاد کا پیمانہ عمر بھر لبریز نہوگا بلکہ مدام ڈانواڈول رہین گے اور اصلی
مطلب کو خیرباد کہینگے ناظرین بنظر انصاف سمجھ سکتے ہین کہ اصل
سب مذہب کی ایک ہے البتہ فروعات مین کچھ فرق ہے اگر
بچشم حقیقت دیکھا جائے تو بعض شریعت ہندو کی مانند طریقت
مسلمانونکے ہے اور طریقت ہندو کی مانند شریعت اہل اسلام کے

مثلاً شریعت اہل اسلام میں سب جاندار کو بندہ اور بیچون و بیچرا کو مالک و
مختار ویسا ہی طریقت ہنود کا حکم ہے چنانچہ سنیاسی وغیرہ کا دھرم ایسا ہی ہے
اور طریقت مسلمان میں لفظ ہمہ اوست کا یقین کرتے ہیں اور زبان بر لحاظ بحر
شریعت کی نہیں لاتے اسطرح شریعت ہنود کا حکم ہے اور خدای تعالے کا
نام ہر ایک زبان میں جدا جدا پایا جاتا ہے مگر حقیقت میں ایک مثلاً چانول کو
اردو میں چانول تلنگی میں بیم مرہٹی میں تندل کہتے ہیں دراصل ودہی ایک شئی کا
نام ہے اگر نافہمی سے ایک کو زشت اور دوسرے کو نیک تصور کریگا تو خوبی عقل
اب تھوڑا سا تھوڑی کیفیت ترجمہا لشنبو مہادیو شکتی کی بیان کرنا ضرور ہے
تا آگے دقت نہو

جانا جاوے کہ مطابق مذہب ہنود کے خداوند تعالے جل شانہ موصوف بہ صفات
گوناگون ہے اہل انصاف سمجھہ سکتے ہیں کہ صفت موصوف سے اور
موصوف صفت سے جدا نہیں جس جس صفت سے عالم میں موصوف کو پہچانتے
یعنی خداشناس ہوے اوس صفت سے خدا کا نام مشہور ہوا بقول
اہل دل بہر نامیکہ خوانی سر بر آرد کا قول مصدق ہے جیسا کہ لشنو نام
خدا تعالے سے مراد ہے معنی اس صفت کی یہ ہے کہ ہر ہر شئے میں بسا ہوا

کیا نباتات کیا حیوانات اور ارض و سما وغیرہ مین اور عالم کی پرورشی و راستی
اور نیکو کاری کا مرجع اور روح کل بغیر اسکی ہستی کے دوسری کے
ہستی نہین اسلئے پروردگار اور رب اور ست یعنی حق اور واجب الوجود
وغیرہ کہتے ہین چنانچہ مرزا بیدل علیہ الرحمۃ چہار عنصر مین فرماتے ہین
کہ واجب الوجود در اپنشد برہما خوانند اور برہما کہ یہہ بھی نام خالق سے مراد ہے
معنی اس صفت کی یہہ ہے کہ پیدا کرتا ہے ہر چیز کو اور عقل عطا فرماتا
ہے اور علم عرفانی سے بہرہ ور کرتا ہے رئیسون کو اور عقل کل کا منبع بنا
عین الوجود اسواسطے آفرینندہ خالق پیدا ہا تا مہیشت اور رجوگن کا مظہر
سمجھا جاتا ہے یہان بھی جناب بیدل قدس سرہ نے فرمایا ہے کہ عقل کل کے
را برہما میدانند اور برہما دیو کہ یہہ بھی نام جل جلالہ سے مراد ہے کہ معنی اس
کے یہہ ہے کہ برا سب سے اور اکبر قہار جبار کائنات کو عرصہ ہستی سے معدوم
کرنے والا جاتا ہے شیو اور سدا شیو بھی کہتے ہین کہ شیو کے معنی کلیان
یعنی بھلا اور سدا شیو کے معنی ہمیشہ بھلا اور مصدر نفس کل بلکہ عین نفس
الکل ہے اگر کسیکو شک ہو کہ صفت قہر مین بھلا کیا ہو گا تو جواب یہہ ہے
جب خود اپنے سے چھوٹ جاتا ہے تب عدم ہو جاتا ہے اور عدم

عین بھلائی ہے اگر لمحہ کے لئے ہو تو شیو اور ہمیشہ کے لئے تو سدا شیو اور
مرزا موصوف یہاں بھی فرماتے ہیں کہ سر الوہیت است برکرتی
مایا شکتی لچھمی سرستی بھوانی وغیرہ خواہش الٰہی طاقت الٰہی قدرت
الٰہی علم الٰہی وغیرہ کو سمجھے ہیں حکماء ہنود قدیم نے ہر ایک صفت کے
لئے علیحدہ علیحدہ طور پر بیان کیا ہے یعنی لچھمی بشنو کی مظہر زر و
دولت جس سے رزق وغیرہ دنیا کے کام برآمد ہوتے ہیں
اور حق الیقین وغیرہ ہوتا ہے حق الیقین وہ ہے جب ناظر اور منظور
طالب اور مطلوب عاشق اور معشوق ایک ہو جاتے ہیں خیال دوئی
مطلق جاتے رہتے ہیں اور سرستی برھما کی کہ جس سے ظہور علم
اور بوسیلہ علم انتظام عالم اور علم الیقین وغیرہ ہوتا ہے علم الیقین
وہ ہے کہ جو علم کے حصول سے اور تجربہ کاروں کی صحبت سے
میسر ہو ستی بھوانی وغیرہ مہادیو کی جس سے ظہور طاقت حس و حرکت
وغیرہ اور عین الیقین ہوتا ہے عین الیقین وہ ہے کہ جو جوگیشوروں کو
مشاہدہ حال پرم آتما سے کشف اور اشراق ہوتا ہے اگر اہل دل
اسمیں خوب غوض اور فکر کریں تو بہت سے اسرار منکشف ہونگے

کہ جسکا ظاہر کرنا منع ہے پس یہانتک جو کچھ اسرار ظاہر کرنے تھے تحریر کر دیا
اگر کتب مذکورہ کو ذہن نشین کرین تو یقین ہوتا ہے کہ تمامی کتب
ہنود جو بزیور معمات و نصایح سے مزین ہین جلوہ کرین گے
پس دانایان سرا پردہ حق سمجھ سکتے ہین کہ موصوف صفت سے
جدا اور صفت موصوف سے علیحدہ متصور ہے مگر خوبی ذہن
مصنف تحفۃ الہند ہے مثلاً کسی شخص کا علم یا طاقت یا قدرت
یا صفت یا روح یا عقل شخص موصوف سے علیحدہ قیاس
کیجا سکے یا ایک اس موقع پر ایک حکایت یاد آئی وہ یہہ ہے
حکایت از مثنوی شریف کسی ملک مین ہاتھی نہ ہوتا تھا وہانکے
باشندون نے سوائے نام سننے کے ہاتھی نہین دیکھا تھا اتفاقاً ایک
سوداگر ہاتھی فروش کا گذر ادہر سے ہوا اور اوسے یہہ علم تھا
کہ یہان کے باشندون نے ہاتھی کبھی نہین دیکھا ہے رقم معقول
پیدا کرنے کے لئے اندہیری بیت پوشیدہ کر رکھا جو کوئی آتا
بجز ٹکٹ مقرری کی اندر جا کر دیکھنے نہین دیتا اکثر وہانکے باشندے
[illegible] ہاتھ [illegible] لگے اور جس عضو سے [illegible] ہوتا

دُمی کو ہاتھی سمجھکر باہم لڑتے تھے کہ ہمنی ہاتھی دیکھا بطور اُنکے یعنی ستون کے مانند ہے
دوسرا جھٹلاتا تھا کہ دُوف سنبھالو مانند تخت ہے تیسرا جھٹلاتا تھا کہ در اصل کان آو
مانند سوپ یعنی غلہ افشانی ہے خیر جب قم سوداگر کے ہاتھ چرھی تب بیچنی کیواسطے
ہاتھی باہر نکالا جب سارے باشندے عقل کے دشمن قائل ہوے کہ ناحق آپسمین جھگڑتے تھے
واقعی سب کا قول درست تھا یہ ہیئت مجموعی یہہ تمام چیزین موجود ہین انتہی —
الحاصل ای انسان تمہاری خلقت سب خلقت سے بعطای جوہر عقل اشرف
بنائی اور اسپار راز دان کیا تمکو لازم ہے کہ مانند دو وداسطے انسانیت کو فراموش
نکرو عقل سے کام لو عقل کو لکڑی نہ مارو

جواب پہلے باب اعتقاد کا جسمین پہلی فصل کا جواب

مصنف نے پہلی فصل مین جو کہ خدا تعالی کی شناخت مین یہہ لکھا ہے کہ خداوند تعالے
حکیم و رحیم اور خالق اور رازق اور قدیر اور علیم وغیرہ بخود ہے اور بے شریک سو ہندو
بھی قبول کرتے ہین اور قائل ہین چنانچہ اسجا کیفیت بطور ہندو سنگھ اوتار سری برم آتما
یاد آئی سو بعرض تحریر ہے (حکایت سری نرسنگھ مہاراج) سابق مین
ایک راجہ ہرن کشپ نامی قوم دیت سے گذرا ہے کہ بریاضت شاقہ حاکم تینون طبقہ کا ہوا
اور بغرور حکومت مانند شداد کے اپنی کو خدا کہنے اور اپنی پرستش کی تاکید کرتا اور یہہ بھی

باعث غرور کا ہوا کہ اوس نے مرتکی دعا ریاضت شاقہ کرکر مستجاب کروائی تھی وہ
یہہ دعا مقبول تھی کہ کسی ہتیار سے نہ مرون کسی انسان یا حیوان یا ملائک یا جن وغیرہ سے
نہ مرون دن یا راتکو نہ مرون کسی طبق ارضی و سماوی پر نہ مرون اُدہر نہ مرون چہار عنصر
سی نہ مرون القصہ ناخدا ترسی اور ظلم و تعدی اوس راجہ کی نہایت کو پہونچی تب ظہور
اوتار سری پرم آتما کا جسے نرسنگہ کہتے ہین اسطرح ہوا کہ اوس راجہ ظالم کی پہلاد نامی
ایک لڑکا پیدا ہوا خوردی سے آثار خداشناسی کے نمایان تھے گرچہ اوستاد ناخداشناسی
کی تعلیم دیتا لیکن وہ عاشق کلمۂ حق زبان پر لاتا تا آنکہ یہہ خبر راجہ کو پہونچی اور راجہ نے
بہت سی زجر و توبیخ کی بعدہ بانواع عقوبت ڈرایا بلکہ مار ڈالنے کی سب تدبیرین کین مگر
وہ سب تائید غیبی سے بیفایدہ ہوئین حتے کہ ایکروز سر دربار عام ستون آہنین تیار
کروایا اور آگ تیز سے خوب تپوایا اوس عاشق صادق کو طلب کر کے کہا اب بہی میری خدائی کا
اقرار کر ورنہ تجہے اس ستون سی باندہ ہونگا تب اوس عاشق نے جواب دیا کہ میرا مالک ہر شی
مین موجود اور محیط ہے نہ کہ تو خدا ہے بلکہ ظالم اور ناخدا ترس ہے تب راجہ ظالم سخت غصہ مین
آیا اور کہا کہ اگر تیرا خدا اس ستون مین ہے دیکہتا ہون کسطرح بچاتا ہے یہہ کہا اور
باندہنے کیلئے دوڑا تب اوس ستون سی طراقہ کی آواز بڑی شدت سی آئی اور وہ
ستون شق ہو کر ظہور اوتار سری نرسنگہ جیمہاراج کا ہوا مونہہ اور ہاتہہ پانو تکے

بہچی اور رخ مانند شیر کے باقی تمامی جسم آدمی کا تھا غرض کہ جو قت اوس پر راجہ ہو دہی کے
دہلیز پر پکڑا اور زانو پر لٹا کر اسطرح استفسار کیا کہ اس وقت نہ دن ہے یا رات کوئی طبقہ
ارضی و سماوی ہے یا ادہر کوئی قسم کا ہتیار ہے مین ملایک یا انسان و حیوان وغیرہ ہون
یا کوئی چہار عنصری بہر حال تمامی دعائی مقبولہ جتلا کر شکم چاک کر ڈالا اور بہشت
کو حکم دیکر داخل فردوس علیین کر دیا ناظرین وہ کیسا قدیر اور رحیم اور کریم ہے
کہ قدرت سے دعائی مقبولہ کے سوا اسباب مرنے کو تیار کر دئی اور کیسا کریم ہے
کہ ایسے شخص کو بہشت مین بہیجدیا ناظرین تمامی قدرت حکمت وغیرہ اوس پر اتمام
کی متشرح ہوتی ہے پہر ہندو کسطرح قائل نہین ہین

جواب اختلاف نرگن و سرگن وغیرہ اور نقل نرائن مُنی

شناخت خدا تعالی مین موجب دین ہندو کچھ اختلاف نہین البتہ مصنف کے
سمجہہ کا اختلاف ہے کہ نرگن کو بی صفت اور سرگن کو صفت والا کہا ناظرین
یہہ مذہب ہنود ایسا بحر ذخار ہے کہ بجز تائید ربانی اور رہبری مرشد کامل اس
بحر ناپیدا کنار کے کنارے پہر پہونچنا ناممکن ہے چونکہ خدائی تعالے کے بی انتہا
نام اور بے نہایت صفت ہے کسکا مقدور ہے جو توضیح کر سکے چنانچہ شمہ اوپر
ذکر کیا گیا نرگن سے یہہ مراد ہے کہ کوئی گن نہین جو اوسکی ذات پر محیط ہو بلکہ گن معنی

دونو جہان مین بھلا ہوگا اور مختار رہیگا

جواب نقل جلندہر

جلندہر کی نقل مین جو کہ کارتک مہاتم اور پدم پُران مین مصنف نے اخذ کر کے بابت مہا
توہین کی نغو راس نقل کی سمجہنا چاہیے وہ یہہ ہے کہ انسان جامع خوبی و صفات ہے
جانئیے کہ مانند برندا کی عصمت حقی پر قائم رہکر تا محبوب رحق ہووے حق سے نا قابل قدیم
مراد بشوپری ہے جسکی حالت سابق مین ذکر کی ہے اور جلندہر غصہ قہر کہ کنایہ
غضب مہادیو جلندہر نام سے ہے وجود انسانی مین موجود ہے اور کبھی بیہودہ آشفتگی
مراد اندر کا آنا مہادیو کی پاس) لازمہ انسانی سے شایع ہو کر وجود انسانی کو
کہ برندا سے مراد ہی گہیر لیتا ہے) کہ گہیر لینے سے مراد غلبہ جلندہر کی زوجیت سے ہی
اوسوقت ہوش و حواس دیوتا ہیں منتراکم ہوتے ہین) یعنی جاجتر ہونا دیوتا ونکا جلندہر سے
مراد ہے) بطفیل تائید حق) کہ مراد نارد جی سے ہی آتی سے برجہا کے) مراد عقل
بہ نزول قہر الہی) کہ غصہ کا نتیجہ ہے اور بلا نمونہ قہر تادیب پاکر یعنی پانی رب
کا مانگنا مہادیو سے مراد ہی شکست کہانا اور ماری جانا جلندہر کا مہادیو
سے یہہ بات ہے کہ راہ راست پر آنا غصہ کی وجہ سے جو کہ بھلا ہوتا ہے یعنی شبہ
بمعنی کلیان جسے بھلا کہتے ہین و بدار حق حاصل ہوتا ہے کہ مراد ہی عصمت

الحق ہوتی ہی اور وصل کا مل سے مراد خود دیو یا آنا بچنے کا جل جانا تب حق ہی حق
ظہور پاتا ہے کہ مراد عاشق ہونا بشنو کا فراق برندا سے ہی اور اس ضمن میں بد دعا
دینا برندا کا بشنو کو اور پہنچنا بشنو کا بددعا سے برندا کی جو تحریر ہے یہہ ہے کہ جو
مرتا ہے یعنی خودی جاتی رہتی ہے تو ہوا ہوس کو کہ وجود ہی مراد ہے اپنی عمر کو برا
سمجھتا ہے جسکو بددعا سے مراد ہے اور پہنچنا اسی یہہ مراد ہے کہ حق کسیکے سخت و سست
یا بہتر و نیک کہنے سے برا یا بھلا انتقام نہیں کرتا سو جیسے پہنچانے سے مراد ہے
پس ارباب فہم سمجھ سکتے ہیں کہ حکما قدیم ہنود نے کس خوبی سے تشبیہ فراز تلقین کی تھی
ہیں جو ذریعہ سیلا پوجن وغیرہ جیسے بہت سی باتیں لکھتے ہیں آئندہ تراکیب پرستش ہنود
میں بیان کیا جائیگا

جواب کیفیت گنیش جی مہاراج

مصنف تحفۃ الہند حسب ہنود پیدا ہونا گنیش جی کا میل سے پاربتی کے وقت نہانے
کے اور آنا مہادیو جی کا روکا جانا گنیش جی سے اور مارا جانا گنیش جی کا اور ہاتھی کا سر
لگانا گنیش جی کے جسم پر اور ایسے افعال کو بد سمجھنا مصنف مذکور کا بیجا ہے وجہ یہہ
کہ پاربتی سے مراد جسم انسانی اور میل سے مراد ریاضت شاقہ اور گنیش جی سے مراد ظہور فضل الٰہی
و نتیجہ ریاضت ہے اور آنے مہادیو جی کے مراد ہار جانے مانعات ریاضت میں اور نفس جانے
سے مراد جیسے ریاضت میں نفس و غیرہ نامکن اور سر ہاتھی کا لگانے اور رجاحت

لی تھی اور لنگ نے اپنی بزرگی جتلانیکے واسطے دونوںکو ارشاد کیا کہ تم ہماری
لنگ کا امتحان لو بس وہ امتحان اس طور پر لیے کہ برہما ہنس کے شکل بنکر
بیٹھکر اوپر اوڑے اور بشنو نیچے پاتال تک گئے بہرحال دونوں نے دس ہزار
برس تک دورہ کیا مگر انتہا معلوم نہ ہونے سے اقرار خالقیت لنگ کا کیا
بوجہ درازی لنگ کے نومسلم صاحب نے اس نقل پر خوب ہے ہندوؤنکو اور
برہما بشنو کو مسخرا اور بیچیا وغیرہ جو طبیعت چاہی فرمایا مگر یہ تمام مسخراپن
نومسلم صاحب ہی نازل ہوتا ہے وجہ اوسکی یہہ ہے کہ اگر کوی آفتاب پر
تھوکے تو وہ اپنے مونھہ پر ہی گرتا ہے اور اگر چاند کو ڈھانپنے کیلئے خاک
ڈالے وہ خاک اوسی پر ہی پڑتی ہے وجہ اوسکی یہہ ہے کہ مہاتماؤن نے
سونچا کہ رجحان خلقت کا طرف استہزا کے ہوگا اور اصلی امر سے محروم
رہین گے اسلیے اس نقل کو اس پیرایہ تحریر کیا اصل یہہ ہے کہ انسان مین
راستی و نیکوکاری کہ مراد بشنو سے ہے) جب پیدا ہوتے ہے تب عقل
کہ کنایہ برہما سے ہے) ظہور پاتی ہے اور باہم جھگڑنے سے یہہ مراد ہے کہ
کوئی راستی کا باعث عقل کے ظہور کا سمجھین یا عقل کے سبب سے راستی کا ظہور
تصور کریں وہ دونون باہم ملزوم ہین اسمین اکثر نادان جھگڑتے ہین تب آواز غیب

اتی ہے کہ مجھ دیکھہ یعنی میری ذات جل جلالہ کو دیکھہ کہ مراد لنگ سے ہے او سوقت عقل فکر کرتی ہے کہ یہ مہا ہے عقل اور
ہنس سے فکر مراد ہے اور راستی بہت غور جاتی ہے کہ مراد شبنو کی یا تال تک جا پہنچی ہے مگر اوسکی ذات پاک کی انتہا نہ پا
عقل اور راستی محجوب ہوتے ہیں کہ مراد آزی لنگ اللہ تو جالعبت سے پوشیدہ نہیں کہ انسانکو لازم ہے کہ راستی سے یا عقل
ہی شناخت ذات جناب احدیکا بھروسا نکریں بلکہ اسکو اپنا معبود سمجھکر اوسکی کرم کا امیدوار رہے تا محبوب اور مطلوب کے

رخ کا مشاہدہ ہو

جواب اشلوک شیو پوران

شیو پوران کا ایک اشلوک حضرت مصنف نے تحریر کرکے یہ بھی سے یوں معنی کیے کہ شبنو کو درشن سے غور چھا ہوا ہے اور شبنو کی
خفگی موجب دوزخ ہے اہل انصاف عجب سمجھ ہیں اول تو یہ اشلوک مسلم کا ہی بنایا ہوا ہوگا دلو فرضنا اس سے معنی
یہ مراد ہے کہ ہر چند راستی و نیکوکاری ہر آدمی کو اچھی ہے لاکن مستغرقان دوام کو محجوب بازرکھتی ہے چونکہ عاملے سینہ کو
اول مرتبہ بوجہ اوکتانیکی نیکوکاری کی ہدایت اعلی دل لگی کے کرتے ہیں مگر عادۃ اوسکی رفتہ رفتہ طرف بدکاری بھی
ہو جاتی ہے کہ بدکاری موجب دوزخ ہے سلئیے مقتا شیو پران کا بہت اچھا ہے کہ دوام حالت استغراق و محجوب ہیں کہ
اسمے بھلا او گلیاں ہے کہ مراد شیو سے ہے اور نیکوکاری مراد شبنو سے لیکر بطور معمایوں تحریر فرمایا

جواب مقولہ بیدانت شاستر

بیدانت شاستر کو [illegible] مصنف نے بھی یوں لکھا کہ اہل بیدانت یعنی وانی جب خدا سے پہنچتا ہے تب جاتا
ہی جاتی ہے معاذ اللہ کیا سمجھے ہیں آپ نے حضرت کو کہیں کا نہ رکھا مادرین احمق معنی یہ ہیں کہ انسان

اور پھر حضرت مذکور نے یہ بھی فرمائی ہیں کہ کوئی شاستر سمجھے اور کوئی کچھ لکھتا ہے سو ہندو اپنے ہی خیال کریں
اور شاستروں کو چھوڑ یا سچ کریں انتہی واللہ حضرت مذکور کو جنون ہوگیا اب تو نہ سمجھیں اول ہندوؤں کو
اور انکی شاستر کو جھٹلاؤ اور سمجھاتے ہیں کیوں نہیں پھر عین یہ سم ہیں ناظرین جبتک تائید الہی عقل سلیم
اور طبیعت حق الیقین وغیرہ وسائل خدادا کیلئے نہ پیدا ہونگی تب تک جھگڑوں میں پڑکر مطلوب حقیقی سے ناکام
رہینگے پہلے نفسانیت کو چھوڑ کر اپنے مطلوب کے حصول کی فکر کرو تا آرام جاودانی نصیب ہو کیونکہ اس عمر ناپائدار
کا کیا اعتبار ہے ہر دم کی قدر کرو اور مصنف تحفۃ الہند نے بعد بہت سے خیالات فاسد کو یہ لکھا ہے کہ ہندوؤنکے
دین میں تحریر ہے کہ جب کوئی شخص باغی یا سرکش پیدا ہوتا ہے تب خدا تعالی ایک شکل اختیار کرتا ہے
یعنی ایک خلقت میں اوترتا ہے اسلئے اوتار کہتے ہیں کہ جیسے ہم نے خدا کو جسم اختیار کیا از انجملہ دس اوتار کو
بہت اشرف جانتے ہیں چنانچہ اسکی تفصیل موافق کتب ہنود کے حضرت نے تحریر کی اور خوب ہی
کی ہیں یعنی یہ لکھا کہ کوئی صورت خوک میں اور کوئی اوتار کچھو و ماہی و نرسنگہ وغیرہ وغیرہ اور رامچندرجی
اور کرشن بسیم آتما کی خوب مذمت کی ناظرین منصف مزاج کو سمجھنا چاہئے کہ فقط بول چال میں
فرق ہے مطلب اصلی ایک ہے اور مصنف مذکور باوجود قابل ہونے التماس و شیریں کلمی بعضی
ہیں ہندوستان میں ہوئے ہیں مسلمانوں کو لازم ہے کہ انکی شان میں کچھ نہ لکھیں اگر لکھا پھر خود
ہی اپنی نوشت کا خیال نہ کرکر یہ بھی اصلی مطلب کتب ہنود کی ہیں جسکو اپنے لکھے کا خیال نہیں وہ
کسی کے سخن کو کیا سمجھیگا خود فضیحت دیگراں را نصیحت کا قول حضرت تحفۃ الہند کی شان میں

مصداق ہے اور سوای اسکے یہ دلیل کافی ہے کہ عیسوی مذہب میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو
خدا کا بیٹا اور ہنود میں اوتار وشنو خدا کا ظہور اور اہل اسلام میں پیغمبر انکو رسول یعنی قاصد خدا اور بعض
کہا ہے کا لکھنا اپنی شرح کے موافق درست بجا ہے چونکہ ان لوگونسے جو حرکات و سکنات وقوع
ہوئی ہے دوسرے انسان [illegible] ایسا ہونا ممکن ہے سابق اسی حصہ میں لکھ چکا ہون کہ اطوار طریقت اسلام
حسب شریعت ہنود و اطوار شریعت اسلام مانند طریقت ہنود ہیں بغور اور فکر سمجھنا چاہیے کہ ایک ہی مطلب
سب کا ہے چنانچہ شان میں آنحضرت صلعم کی احمد بے میم وغیرہ وغیرہ یہ کیا ہے ناظرین حالات دلائل
ملاحظہ فرماوین کہ بعضی صحیح اور بعضی کہتا ہے آنحضرت صلعم کو کیا کہا چنانچہ تمثیلاً ایک شعر لکھا جاتا ہے
شعر محمد سر وحدت ہے کوئی رمز اسکی کیا جانے شریعت میں تو بندہ ہے حقیقت میں خدا جانے ایسا ہی ہنود میں
بعد طی کرنے منزل شریعت کے طریقت والے مانند مذہب اسلام کے ہوتے ہیں اور قول و فعل اوتار ہنود کے
مصنف نافہم مفسر اسرار نفسانیت سے تحریر کئی ہے چونکہ سری کرشن پرماتما کو عیاش سمجھا چنانچہ خوب
زمانہ دراز سے آج تک کسی نے ایسا عیش نہ کیا کہ بیشمار عورتونسی مقاربت کی اور لطف یہ ہے
کہ سوای سولہ ہزار آٹھ سو آٹھ بیاہی کے کہ ہر ایک کو دس دس فرزند نرینہ اور ایک ایک لڑکی
پیدا ہوئی ہو دوسری بیشمار عورتونکو [illegible] معجزات بیحد مانند گوردھن پہاڑ کو سات
دن تک انگلی پر [illegible] برسات وغیرہ [illegible] تمام برج باسیکو اوسکی تلاطم سے
نگاہ رکھا [illegible] چالیس [illegible] اوران جہانکو پست کرنا و مغرور [illegible]

توڑنا مانند کنس اور جراسندہ کی اور مہابھارت میں درجودھن وغیرہ کو ہرا ڈالنا اور ہر ایک مطیع
کو مالا مال کر دینا خصوص سُداما جی کو دونوں جہان کا آرام مانند بہشت کے اسی دنیا میں دینا اور اونکی
کیفیات قدرت و معجزات کی سری بہاگوت کے دسم سکندہ میں یہ توضیح تحریر ہی چنانچہ اوسکی پڑہنے یا سننے سے
لطف بے نہایت خصوصاً حسن و عشق حقیقی کا جلوہ نظر آتا ہی اور تمام دوازدہ اسکندہ بہاگوت
اسرار عجیب اور تصوف سے مملو ہے اور طرفہ یہ کہ ابتدائے عالم سے انتہائے عالم تک کی کیفیت کہ جسکی پیشینگوئی کا
امتحان ہوتا آیا ہی اور ہوتا رہیگا مرقوم ہے اور ساری کائنات کی حقیقت کیا حالت فرشتگان اور کیا حالت
راجگان وغیرہ کل آفرینش عالم مسطور ہے اگر ارباب فہم و ذکا بغور ملاحظہ فرماوینگے اوسکا حظ
میری تحریر سے بڑہکر پاوینگے مگر مصنف تحفۃ الہند سے کج فہم اشخاص جیسے تعلیم میں لگے اور سری کرشن
پرم آتما کی یہ ادنی قدرت ہے کہ وقت داخل ہونے متہرا شہر کے کبجا نام کریہہ منظر کوزہ پشت عورت کو ایک لمحہ
میں حسین اور سیدہی کر دیا مگر ان دونوں وتاروں سے دو امر کی نصیحت واسطے رویہ و ہدایت عالم کے
مترشح ہوتی ہے کہ مانند سری رامچندر جی مہاراج کی گرہست یعنی دنیادار ایک عورت کر کے
باقی سے محترز رہیں اور سری کرشن پرم آتما کی وجہ سے یہ قیاس کریں کہ اگر اونکی مانند قدرت
ہر امر کی پیدا کریں تب آزادانہ طور پر رہیں نہ عقوبت آخرت میں ملوث رہینگے اگر اونکے طور پر
ضابطہ حواس خمسہ وغیرہ ہوویں تاہم ظاہری برائیاں بھلی نظر آوینگی ناظرین اگر مصنف مذکور
اس پر قائل نہوں تو ہم بلکہ تمامی اہل انصاف سمجھینگے بالکل یقین ہے کہ مصنف نافہم

موجود ہوئی ہی اور بعد موجود ہونیکی طبقہ اعلی کی نسل سی روی زمین پر ... ایسی تعبیر ...
زیادہ تر واضح لکھنا اسرار کا انکشاف کرنا ہی اہل دل جنکو کہ علم لدنی نصیب ہے سمجھ جائین گے
اور اگر مصنف تحفۃ الہند کی مانند اشخاص کو یا کسی ناظرین کی سمجھ مین نہ آئی تو یہ جواب کافی ہے
کہ تمامی مخلوق کی افعال و ظہر جو کی آتی ہین مذموم یا مرغوب یہ ممکن نہین ہین کہ سوا الله کے
سبکی افعال نیک ہون بس قصہ ہاروت وماروت کا دلیل کافی ہے کہ بسبب عشق زہرہ کے
زمانہ کا دہوان نامین اونکی کہ چاہ بابل مین وندہی لٹکے ہین جانا ہے ہرچند مصنف مذکور نے
بہی ہاروت کی قصہ مین سزا پانی کی وجہ یون تحریر کی کہ ان فرشتون مین انسانیت کی آگئی
تہی اسلیئی وہ مرتکب فعل شنیعہ کی ہوئی تہی سزا ہی قیامت تک پاتی ہین بہلا ناظرین غور کرین
ہین کہ اگر ہندونکی مذہب مین فرشتونکی بد افعالی کی سزا واقع ہوئی تو کیا تعجب ہے اور سوا
اسکی ہماری مذہب کی عابد اور فرشتہ باوجود دکہا رہی مذموم کیسی قدرت رکہتی تہی کہ اوکی
برای مانع ہر عبادات اور کمال پاکی اونکی تہوتی تہی وجہ قوی یہ ہے کہ کوئی فعل
بے رضا حکمت الہی کی نہین ہوتا چنانچہ نقل سے راجہ اپچر کی نطفہ کی کہ تحفۃ الہند مین
تحریر ہے وہ نطفہ کیسا قوی عمل رکہتا تہا خالی از حکمت عملی نہ تہا ناظرین انصاف
فرماوین کہ باوجود افعال مذموم کے نتیجہ نیک نکلی اصل مطلب نسب ہنود کا اظہار
قدرت جل جلالہ کا تہا وہ یہ ہے کہ اگر تم مین ایسی قدرت ہو تو افعال مذکور نہ ہونگی

افعال مذموم ہنکے افعال نیک کا اثر پیدا کرین سکے ورنہ عذاب الیم مین گرفتار ہوکر دوزخ نصیب ہوگا۔ کہ مصنف مذکور نے جو طبعیت چاہی اپنی عقل ناقص کو عقل کامل سمجھ توہین کی نہایت ہی برا کیا چونکہ ہر شی مین نور اوسکا چمک رہا ہے گویا اوسکی حکمت پر نقص کہنا ہے علی الخصوص بزرگان دین ہر مذہب کے مذمت تو نہایت بری ہے شعر نام نیکو رفتگان ضایع مکن ؛؛ تا بماند نام نیکت یادگار

جواب فصل تیسری کا

تیسری فصل مین نو مسلم مذکور نے چار کتاب آسمانی چار پیغمبر و نیز اور نہ اور سب مقدم قرآن مجید کو سمجھنا اور ہندونکے نزدیک چار بید کو کہ برمہا کی مونہ سے نکلی ہین کتاب آسمانی سمجھنا اور بعض ہندونکی مقولہ کو کہ چار حصہ بید کی بیاسجی نے کردا اور چار مونہ ہونا برمہا کا اور سبب اسکا چوتھی فصل مین لکھنے کا اقرار کرنا اور خوبیان قرآن مجید کی بطور مختصر لکھنا معہ وجہہ خوبی سکے تحریر کیا سو جواباً ہدیہ ناظرین باانصاف ہے سمجھنا چاہیے کہ ہین اونکے اوصاف اول لکھہ چکا ہون اونکی مونہ سے چار بید پاک نکلی ہین کہ ہر ایک پاک کو بید کہتے ہین اصل مین ہر ایک بید کا کچھہ ترجمہ ہر ہر عصر کے پیغمبرونکی زبان کی مطابق اترا ہے مگر اول کتب آسمانی کہ چہار بید سے مراد ہے ہندو کے الہی نازل ہوئی ہین یہ تمامی قوم جونکہ یہ ہندو کی قوم ابتداء عالم سے عاقل عالم

حاصل منظور نظر جناب باری رہی ہے چنانچہ ہندوستان قدیم سے جای بخت روی زمین رہا
تا آنکہ زمانہ راجہ کھیمی چند تک عمل روی زمین کے سلاطین و قوم مطیع تھے بعد انکے ظہور کلجگ کا
کہ آئندہ حصہ دوم میں تشریح تحریر ہوگی ہوا تب سے ہر ایک جا عمل خود سر اور بہت تغیر تبدل ہو
آئی اور ظہور کلجگ کا عاقل و ہوشمند کم ہونے لگا اسوقت سری بیاس جی مہاراج نے بید کے معنی سمجھے
اور چاروں بید کی تشریح کی کہ جس سے ظہور بید انت شاستر وغیرہ چھہ شاستر اور اٹھارہ پوران او
اپ پوران وغیرہ ہوئے جسمیں کہ معرفت و حقیقت وغیرہ مندرج ہیں اس زمانہ کے اشخاص مانند مصنف
مذکور کی نافہم نہیں سمجھتے وجہ اسکی انحطاط زمانہ ہے اگر کوئی یہ خیال کرے کہ ہندوونکا ہی ہمارا نمیں تو
غلط ہے بلکہ عالم کیلیے انحطاط زمانہ کا ہو رہا ہے وجہ یہ کہ جوں جوں زمانہ گذرتا ہے ویسا ہی عقل و عمل
کم ہوتی ہے اسمیں کسی مذہب کی توصیف یا کسی مذہب کی توہین کرنا عین بیعقلی ہے پس جس وقت
کہ عروج کا زمانہ تھا پر مہا چار مہاپاک عالم پر ظاہر کیا چونکہ عالمین عقیل و فہیم تھے اور زبان
اوس زمانہ کی وہی تھی اون مہاپاکونکے معنی بخوبی سمجھکر تعمیل کرتی تھی بعدہ جسطرح انحطاط ہوتا
آیا ویسا ہی ہر زمانہ میں مانند بیاس جی کے مترجم ہوتی آئی حتی کہ چار ہزار برس کے قبل
سری بیاس جی نے ترجمہ کیا اور قران مجید کی تعریف ہنود کیونکر کریں سمجھیں جبکہ انہوں
اپنی مذہب کی کتابونکو ہر شخص کا تعریف کرنا بیجا ہے

جواب خوبی اول

خوبی اول میں نومسلم صاحب کا یہ اعتراض سراسر لغو ہے کہ مقتضای عقل یہ ہے
کہ جو کتاب آسمانی ہندو وغیرہ کی ہیں ایسی زبان میں ہو کہ وہ زبان دنیا میں بولی جاتی اور جو بھی
اوس کتاب کو نہیں ہو اونکی بولی خاص میں نہ زبان ہو نہ کہ وہ زبان جو کسی ملک میں بولی نہ جاتی
ہو بلکہ بید بہی نہ تھا کہ ہوں وغیرہ تھی ناظرین جس زمانہ میں کہ بید شروع پائی تھی اوس وقت وہی
زبان بولی جاتی تھی جو کہ بید کی زبان تھی رفتہ رفتہ زمانہ کی گردش سے فصاحت و بلاغت کم ہو
گئی اور وہ زبان تفصیل طلب ہو گئی اسلئے ہر ایک زمانہ میں عقلا تفسیر و شرح تیار کرتے گئی تھی
اب عاقل اور مفسر کم ہیں اور علم معاش کی جانب تمام مصروف ہو اور علم معاد سے اکثر عاری اس لیے خاص
وجہ سے بید سے اکثر کم واقف ہیں اور خاص زبان ہندوؤں کی وہی ہے جیسے سنسکرت کہتے
ہیں چنانچہ ملکی میں ایسی الفاظ زیادہ مشترک ہیں مگر بولی میں کم اس زبان کی فصاحت و بلاغت اور
قدیمی زبان ہونیکی وجہ سے اکثر اہل فرنگ قائل ہیں چنانچہ اہل جرمن نے اپنے ملک میں اس زبان کا
رواج شروع کیا ہے اور ہندوستان میں فاتح قوم نے مدرسہ میں بچوں کو یہ علم
پڑھانے کی تاکید کر کے زبان سنسکرت سکھانے کے واسطے نوکر رکھے ہیں پس دلیل نہ بولے
جانے زبان کی حضرت نومسلم نے غلط لکھی اگر اس سے زیادہ ناظرین کو خواب دیکھنا
منظور ہے تو یہ ہے کہ اب اردو زبان کا رواج سب قوم میں ہے چاہیے تھا کہ کل مذہب
کی کتابیں اردو میں ہوں مگر شرف ہر قوم کو اپنی خاص زبان کی کتاب پڑھنے کا ہے

کہ کتاب ہای مذکورہ ہر قوم کی ایسی فصیح بلیغ ہین کہ زباندان اردو ترجمہ ویسی فصاحت کی
مساوات نہین کر سکتی چہ جائیکہ کلام الہی سے استغفر اللہ نومسلم کی عقل کو کیا کہا جاوی سوای اسکی
کہ جواب جاہلان باشد خموشی

جواب دوسری خوبی

دوسری خوبی مین نومسلم نے یہ تحریر فرمایا جو شخص کہ حامل کتاب آسمانی ہو وہ بہمہ صفات نیکو
موصوف ہووے سو حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ہین اور بہمہ کی مذمت کی ہے ہم
اوصاف کا ذکر کیا گیا دوبارہ حاجت تحریر نہین پس ہر ہر خوبی محررہ مصنف سے لوگ اسیطرح
جواب تصور فرماوین زیادہ طول کی احتیاج نہین العاقل تکفیہ الاشارہ

جواب فصل چوتھی

چوتھی فصلمین کل کیفیت فضیلت جناب رسالتمآب صلعم کی معہ معجزات معہ کیفیت کرامات اصحاب کبار
وغیرہ کا بیان ہے ہماری مذہب کا یہہ طریقہ نہین کہ خواہ مخواہ دلائل کر کر جہوٹ لاوین چونکہ ہمارے مذہب کا کتب احکام
کل کا یہی وجہ کہ کل انہین کے حاوی و محیط ہی جیسا کہ تحریر کر چکا ہون کہ چار بید کا ترجمہ چار رنو علم
او ترا ہی اور مذہب ہی دیکر کامل طور پر سب کے بہلی اگر کوی جرح کری کہ یہ کیا بات ہے کہ شیو مانند تنگم وغیرہ کے
بشنو کو نہین مانتی اور بیشنو مہادیو وغیرہ کو ناظرین یہہ بہی عقل ہی چونکہ ان مذاہب کے پیشوا اونکا
مقولہ وارادہ انکو احکام موزون و مناسب تہی مگر عام جہلا انہی اوسکی معنی دوسری پیدا کر رہا نہ تحقیق اپنے

اپنی کتاب میں جسکا ہی جواب سابق شیوہ پر ہم تحریر کی دلیل تحریر کر چکا ہون وہی کافی ہے ناظرین
ملاحظہ کر لیں اور پھر مصنف تحفۃ الہند نے ہنود کے دین کے پیشواؤں کی شان میں بڑا کلمہ اور خرابی عقل
ہنود کی اونکی احوال پر ظاہر کردی گئی تو ہمنے بھی مہا کی شان میں لکھی ہے اور چار بید و نکو جہان
سنکہ سے نکلنا اور تمامی خلایق کا برہما سے پیدا ہونا جس کہ کام دیو یعنی شہوت کو پیدا کر کر بردان دینا اور مہا دیو کا
اسکو نفس سے پیدا ہونا اور اپنی بیٹی سرستی کو پیچھے جماع کیواسطے دوڑنا گویا کام دیو کا بردان اونھین پر اثر کرنا
اور جس طرف سرستی کو بد نگاہ سے دیکھا اوسی جانب منہ ظاہر ہونا اور مہادیو کا برہما کا پانچواں سر کاٹ ڈالنا
اور اسی بدفعلی سے برہما کی پوجا موقوف ہونا اور سرستی کا ندی کی صورت پر ظہور کرنا کشمیر میں اور اور
کلام واہیات جو طبیعت چاہی برہما کی شان میں لکھی اور ہنود و نکی تضحیک اور پوتھیوں کی غلطی
ہو چکی بعبارت کلام کی تحریر کی سو حضرت اپنی عقل کہو بیٹھے اور دوسرو نکا منشا نہ سمجھکر رو بیٹھے
خلاصہ یہ ہے کہ ہم اور برہما سی عقل سے مصنف قدیم نے نقل کے طور پر بیان کیا ہے چند برہما وغیرہ کی
تصنیف سابق میں بھی تحریر ہے مگر اعادہ کرنا آگاہ کرنیکے واسطے ضرور ہوا تا ناظرین میری نافہمی تصور
نفرماوین نقل یہ ہے کہ خداوند تعالے نے روز ازل میں روحونکو بنایا اور پوچھا کہ الست بربکم یعنی آیا
میں ہون رب تمہارا جواب پایا انا انتا انتا یعنی تو تو ہے اور ہم ہم ہین تب جوہر عقل عطا فرما کر
پوچھا اوسوقت جواب قالو بلی پایا اس نقل سے یہ مضمون واضح ہوتا ہے کہ بدون عقل
[illegible] کا جلوہ نہوا ایس مصنف قدیم نے عقل کو مظہر خلایق تفہیم عالم کی واسطے تحریر کیا

اور سرستی سے مراد علم ہے اور چہی دو تیسی سے مراد ہی عقل اور علم لازم ملزوم ہین جب عقل کسیکو حاصل
ہوتی ہی تب علم حاصل کرنیکا شوق ہوتا ہی جیسے مصنف قدیم برمہا کا سرستی کو بیٹی ہونا تحریر
کیا پس علم کی حصول سے شناخت خداوند تعالی ممکن ہے کہ بی علم تو ان کی شناخت اور مہادیو برمہا
سرکاٹنے سے یہ مراد ہی کہ عجب اور غرور برمہا کے اور بکہسری مراد سے مہادیو یعنی جلال جل جلالہ عدم کرنیسے
تب شناخت او تعالی حاصل ہوتے ہے اور برمہا کا چار منہہ پیدا ہونا نظر سے سرستی کی یہ مراد ہی کہ بسبب
علم کی عقل سے تمیز تشریحات اربع عناصر حاصل ہوتی ہی جیسے برمہا کی چار منہہ ہونا نظری کیوجہ تحریر سے
اور بوجا موقوف ہونے برمہا کی اور سرستی کا ندی کیصورت پر ظاہر ہونیسے یہ مراد ہے کہ عقل و علم
محیط ہے حد مقرر کرنا نا ممکن ہے اور کوکہ جتنیر مین جو سرستی کا ظہور ندی کیصورت مین تحریر ہے وجہ یہ ہے کہ مقام
ریاضت گاہ اہل دلان تھا اسلئے وہانکی نہانیکو موجب حصول علم الہی وغیرہ جانتی ہین اسلئے قدمانی یون تحریر
فرمایا او منظور یہ ہی تہا کہ اگر کسی ندی یا مقام کو متبرک بنائینگے وہان عالم کو جا نہانیکا اور خیرات کرنیکا
شوق ہوگا تو بہت سے محتاجونکو اس حیلہ سے قوت ملیگا لہم خرما و ہم ثواب ہے ناظرین تیرتہہ اور برہام کی حقیقت
حصہ دوم مین اس کتاب کے لکھونگا مصنف تحفۃ الہند نے حکایات اہل اسلام مخفی رکہنی کی اور دیوان چند بہمن
سنگ زر دبرادر خیال سے کہ حقیقت مین وہ بہی اسیطرح کا تہا مضحکات ورداہیات کی تمثیل یہ بہی لکھا کہ [illegible]
اوس مصرجی سے پوچھا کہ مصر جیو اگر کوئی شخص راجہ سے ملاقات حاصل کرنا چاہی تو کسی معتبر کے وسیلہ
ملے یا فلان فلان بدکار کی وسیلہ سے کہ کتاب یا مذمت برمہا کی سنو اور سرستی کر ...

کہ دوام حالت استغراق میں رہتے ہیں اور نماز و روزہ سے چھٹتے ہیں کہتے ہیں یہ تحریر [illegible]
نہیں سمجھتے یا یہ کہ [illegible] دین سے خارج اور اللہ رسول کے دشمن صرف [illegible]
[illegible] بیوقوف جاہل کی بات کا کیا اعتبار جسنے ایک بت کو [illegible]
ہی شان میں لکھی انکی تصانیف چاہیے کہ نماز و روزہ معبود ملنے کے واسطے چاہے جب پا لیا [illegible] استغراق
اپنے معبود کا وصال پاتے ہیں پھر انکو احتیاج نماز و روزہ کی کب باقی رہی البتہ [illegible] تعالی سے
دوسری جانب کسیکی توجہ میں مصروف رہکر نماز و روزہ ترک کرتے تب حضرت [illegible] وغیرہ کہنا
بزرگان دین کے شان میں درست تھا

جواب چھٹی فصل بیان معبود کا

اس فصل میں حضرت معبود کو ایک سمجھنا مسلمانوں کا اور کلمہ کے معنی کہ برخلاف ہنود کا [illegible] انکو معبود سمجھنا اور انکی
تعظیم میں کیونکر شرک و بچاؤ ہو جسکی تفصیل آواہن منتر سے لیکر بسرجن منتر تک کرنا [illegible] جاننا
اس دلیل پر کہ خدا واحد کو چھوڑ کر دنیا کے لوگونکی اور بت پرستی انکو پوجتے ہیں [illegible]
[illegible] ہنس کہتے مہاتم اشلوک [illegible] جوالا مکھی کی [illegible] کہ ایک گڑھ [illegible] چشمہ [illegible]
[illegible] قدرت حق تعالی میں کوہ و چشمہ آتش خیز کا ہونا در تمام خلقت سے آگ پیدا ہونا وجود [illegible]
کہ اگر ایسا ہی تو دیا سلائی وغیرہ کی پوجا کرنا چاہیے اور اپنی جوالا مکھی [illegible] کی [illegible] ترک کی نسبت یا
دوسری چیز کی شکل اور پوجا گفتگو وغیرہ تحریر کی اصل یہ ہے کہ [illegible] سوائے [illegible] معبود کو [illegible]

بجز ذات باری سب طرح کے قادر سمجھکر اور بت بناکر پوجا کرتے ہیں
مطلب یہ ہے کہ بشنو وغیرہ سے کے بظاہر علیحدہ نام پائے جاتے ہیں لا حقیقت میں وہی ایک ہے
صاحب سے حاجت خواہ ہوتے ہیں گرچہ بظاہر وہ بھی بشنو کو خدا سے جدا سمجھکر شرک نسعود و دین
عقل کی خوبی ہے ایسا ہی شیوا و برہما وغیرہ وغیرہ کو سمجھنا چاہیے اور بت پرستی علیٰ ہذا القیاس
یہ ادنے شخص کم عقل سمجھ سکتا ہے کہ بت کو آدمی ہی بناتا ہے اسکی پوجنے سے کیا فائدہ ملے اصل
کہ دل آدمی کا اوس خدای پاک کیطرف بوجہ تفکرات زمانہ کے رجوع نہیں رہتا قدمانے دل رجوع
ہونیکے واسطے یہ امر جائز رکھا ہے جیسا کہ طفل بیمار دوا کی تلخی کیوجہ سے دوا نہیں پیتا لو
کی لالچ سے دوا پلاتے ہیں اوسطرح حکما قدیم ہنود نے طفلوں کو بطمع شیرینی بت پرستی و
پلاکر صحت کامل مرض فساد سے دی جب حقیقت میں نظر کیجاے تو سبب اور مسبب اور اسباب
